BRAMPTON

**Media Release**

برائے فوری اجراء

## برامپٹن سپورٹس ہال آف فیم میں چھ نئے اراکین کی تقرری کی جا رہی ہے

برامپٹن، آن (29 مارچ 2022) – ہر سال برامپٹن سپورٹس ہال آف فیم (BSHF) ایسے مایہ ناز کھلاڑیوں کی کامیابیوں کا اعتراف کرتا ہے اور خوشیاں مناتا ہے جو برامپٹن میں کھیلوں کے فروغ میں اپنا منفرد کردار ادا کرتے ہیں۔ 2022 میں کھیلوں کے میدان میں شاندار کارکردگی دکھانے والے چھ نئے مایہ ناز کھلاڑیوں کی برامپٹن سپورٹس ہال آف فیم میں شمولیت کا خیرمقدم کیا جا رہا ہے۔

**فرینک فیشیا** کو بیس بال میں قابل فخر خدمات پیش کرنے پر بلڈر کیٹیگری کے لیے منتخب کیا جائے گا۔ انہوں نے 1983 میں برامپٹن میں نچلی سطح پر بیس بال کھیلنا شروع کیا تھا اور اب وہ NCAA میں کھیلنے تک پہنچ چکے ہیں۔ وہ 1991 میں برامپٹن سینئر ٹوئنز کے بانی رکن تھے، 2007 میں برامپٹن مائنر بیس بال انکارپوریشن کی کوچنگ کی اور COBA اور بیس بال اونٹاریو کے ساتھ مختلف کرداروں میں اپنی خدمات سر انجام دے چکے ہیں۔ 2022 میں، انہیں شیریڈن کالج میں بیس بال کی افتتاحی ٹیم کا ہیڈ کوچ نامزد کیا گیا ہے۔

**پریمناتھ (پریم) پرساد** کو کرکٹ کے میدان میں ان کی لگن کی بنیاد پر بلڈر کے زمرے میں شامل کیا جائے گا۔ کرکٹ کے اس سابق کھلاڑی اور منتظم کو 2020 میں ان کی جانب سے کیوبیک میں کرکٹ کے فروغ کے لیے ان کی 45 سالہ خدمات کے اعزاز میں ریاستہائے متحدہ امریکہ کے کرکٹ ہال آف فیم میں نامزد کیا گیا تھا، جو وہاں پر اپنی 10 سالہ خدمات سے پہلے گزشتہ 35 سالوں سے اونٹاریو میں خدمات سر انجام دیتے رہے ہیں۔ انہوں نے برامپٹن میں کرکٹ کی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کیا ہے، جہاں کرکٹ کلبوں کی تعداد صرف پانچ سالوں میں 15 سے بڑھ کر 62 ہو گئی ہے۔

**پیٹ اوٹولے** کو لیکروس کے میدان میں ان کی لگن کی بنیاد پر اتھیلیٹ کے زمرے میں شامل کیا جائے گا۔ وہ 1998 سے برامپٹن میں مقیم ہیں اور چھوٹی، بڑی اور بین الاقوامی سطحوں پر باکس اور فیلڈ لیکروس، دونوں میں بطور کھلاڑی اور کوچ ان کی کامیابیوں کے لیے انہیں اس قابل قدر اعزاز سے نوازا گیا ہے۔ انہوں نے اپنے 16 میں سے 12 سیزن روچیسٹر نائٹ ہاکس کے ساتھ کھیلے، جس کے ساتھ وہ اسسٹینٹ کوچ کے طور پر ابھی بھی سرگرم ہیں۔ وہ برامپٹن مائنر لیکروس ایسوسی ایشن کے سابق صدر بھی ہیں۔

**تمارا ٹیتھام** کو باسکٹ بال میں قابل فخر خدمات پیش کرنے پر اتھیلیٹ کیٹیگری کے لیے منتخب کیا جائے گا۔ ان کے بین الاقوامی کھیل کے کیریئر میں کینیڈا کی نمائندگی کرنے والے 164 کھیل شامل ہیں، جن میں سے 2007 کے بعد 157 کھیل سینئر سطح پر بھی ہیں۔ انہوں نے FIBA 2015 امریکہ کے کوالیفائنگ ٹورنامنٹ اور 2015 Pan Am گیمز میں طلائی تمغہ بھی جیتا تھا۔ وہ 2012 اور 2016 کے اولمپکس میں بھی کھیل چکی ہے اور بیرون ملک بہت سے دیگر ٹائٹل بھی اپنے نام کر چکی ہے۔ ریٹائر ہونے کے بعد، انہوں نے کئی ٹیموں کے کوچ کے طور پر بھی خدمات انجام دیں۔

**دیوو شرما** کو ٹریک اینڈ فیلڈ میں قابل فخر خدمات پیش کرنے پر ویٹرن کیٹیگری کے لیے منتخب کیا جائے گا۔ انہوں نے 2015 میں 80 سال کے ہونے کے بعد بھی کئی تمغے جیتے ہیں۔ 1988 سے 2016 تک، انہوں نے 203 تمغے جیتے ہیں، جن میں کینیڈین ماسٹرز ایتھلیٹکس اِنڈور اور آؤٹ ڈور چیمپئن شپ اور اونٹاریو ماسٹرز ایتھلیٹکس اِنڈور اور آؤٹ ڈور چیمپئن شپ میں جیتے جانے والے میڈل شامل ہیں۔ انہوں نے برامپٹن میں 2016 کینیڈا 55+ گیمز اور برامپٹن ڈسٹرکٹ 55+ گیمز میں بھی مقابلہ کیا اور تمغے جیتے ہیں۔

**ویلے سلوکی** کو مارشل آرٹس میں قابل فخر خدمات پیش کرنے پر ویٹرن کیٹیگری کے لیے منتخب کیا جائے گا۔ ان کے پاس بلیک بیلٹ کا اعزاز موجود ہے اور انہوں نے ایک مدمقابل کے طور پر بہت سی ٹرافیاں بھی جیتی ہیں اور انہیں پورے امریکہ میں ہونے والے ٹورنامنٹس میں "دی لیجنڈری کینیڈین" کے طور پر پہچانا جاتا ہے۔ انہوں نے 1967، 1968 اور 1970 میں کینیڈین چیمپئن شپ اور 1972، 1973 اور 1974 میں اونٹاریو چیمپئن شپس جیتی ہیں۔ سلوکی کو لوگوں کو سیکھانے کا بھی

جنون ہے، انہوں نے 1960 کی دہائی کے آخر میں برامپٹن کے مرکز میں ایسٹرن کراٹے کا آغاز کیا تھا، جو بعد میں پھیل کر کینیڈین سکول آف ہیلتھ اینڈ سیلف ڈیفنس بن گیا۔ وہ خصوصی طور پر تیار کردہ کارپوریٹ مینجمنٹ سیمینارز میں تربیت سازی اور پڑھانے کا کام جاری رکھے ہوئے ہے۔

برامپٹن سپورٹس ہال آف فیم اور اس سال کی مقرر شدہ شخصیات کے متعلق مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca/bshf ملاحظہ کریں۔

برامپٹن اسپورٹس ہال آف فیم کو 1979 میں کھیلوں کے فروغ کے لیے باعزم اور جوشیلے افراد نے سٹی آف برامپٹن کے ساتھ مل کر بنایا تھا۔ یہ 7575 کینیڈی روڈ ساؤتھ پر CAA سنٹر میں واقع ہے۔

2022 تقرری کی تقریب

41ویں سالانہ برامپٹن سپورٹس ہال آف فیم انڈکشن تقریب بروز منگل، مورخہ 3 مئی کو شام 6 بجے دی روز برامپٹن میں منعقد ہو گی، جس میں سپورٹس نیٹ سینٹرل اور سپورٹس نیٹ 590 دی FAN کے کلیدی اسپیکر کین ریڈ شامل ہوں گے۔ ٹکٹ کی قیمت $55 ہے اور یہ www.rosetheatre.ca سے خریدے جا سکتے ہیں۔

2023 کی نامزدگیاں

کیا آپ کسی ایسے شخص کو جانتے ہیں، جس نے ہمارے شہر میں کھیلوں کے حوالے سے کوئی غیر معمولی کردار ادا کیا ہو؟ 2023 کے لیے نامزدگی فارم ڈاؤن لوڈ کریں! نامزدگیاں 15 جون 2022 تک قبول کی جائیں گی۔

**اقتباسات**

"2022 برامپٹن سپورٹس ہال آف فیم کے لیے منتخب کیے جانے والی تمام معزز شخصیات کو میری جانب سے مبارک باد! اس سال کے لیے شامل کی جانے والی معزز شخصیات نے ہماری کمیونٹی میں کھیلوں کے شعبوں میں شاندار شراکت اور کامیابیاں حاصل کی ہیں اور اس کے علاوہ شاندار قیادت اور ترغیب سازی کا مظاہرہ بھی کیا ہے۔ ہمیں اس بات پر بہت فخر ہے کہ یہ متعین شدہ شخصیات برامپٹن کو اپنا گھر کہتی ہیں۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"برامپٹن سپورٹس ہال آف فیم ہمارے شہر میں کھیلوں کے ماضی، حال اور مستقبل کو اعزاز بخشتا ہے۔ 2022 میں شامل ہونے والے افراد ہمارے ایسے معزز رہنماء ہیں جنہوں نے اپنے کھیل کے کیریئر کے دوران برامپٹن کے لیے فخر کمایا ہے اور حوصلہ افزائی کی ہے۔ میں ہر ایک کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ ہماری کمیونٹی میں کھیلوں کی خوشیوں کو منانے کے لیے 3 مئی کو اس سال کی ذاتی شمولیت کی تقریب میں شرکت کریں۔"

- *جیف بومین، سٹی کونسلر، وارڈز 3 اور 4؛ ممبر، برامپٹن سپورٹس ہال آف فیم، سٹی آف برامپٹن*

"ہم 2022 برامپٹن سپورٹس ہال آف فیم میں شامل کی جانے والی شخصیات کے ناموں کا اعلان کرتے ہوئے پرجوش ہیں۔ چھ نئے شامل شدہ افراد وہ لوگ ہیں جو ہماری کمیونٹی میں کھیل کو آگے بڑھانے کے لیے پرعزم رہے ہیں۔ اگر آپ بھی کسی ایسے شخص کو جانتے ہیں جس نے برامپٹن میں کھیلوں کے لیے کوئی شاندار تعاون کیا ہو، تو - انہیں 2023 کے لیے نامزد کریں۔"

- *ڈوگ وہلینز، سٹی کونسلر، وارڈز 2 اور 6؛ ممبر، برامپٹن سپورٹس ہال آف فیم، سٹی آف برامپٹن*

"برامپٹن سپورٹس ہال آف فیم ہماری کمیونٹی میں کھیلوں اور ایسے نمایاں کھلاڑیوں کی کامیابیوں کا جشن مناتا ہے جو کھیلوں کو برامپٹن اور اس سے بہت آگے تک لے جاتے ہیں۔ مئی میں منعقد ہونے والی تقرری کی تقریب میں ہمارے ساتھ شامل ہوں اور 2023 کے لیے کسی کو نامزد کریں۔"

- *پال موریسن، انٹیرم چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

30--

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 سے زائد لوگوں اور 75,000 سے زائد کاروباروں کا گھر ہے۔**
ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca